بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ۔

نمبر پی اے بی(لیجس)2019/II ء   مورخہ 18 فروری 2019ء

منجانب:۔ سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

بجانب:۔ جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان کوئٹہ۔

عنوان:۔ **مشترکہ قرارداد نمبر 13۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 16 فروری 2019ء میں پاس شدہ مشترکہ قراداد نمبر 13 منجانب انجینئر زمرک خان اچکزئی صاحب صوبائی وزیر، اور جناب ثناء اللہ بلوچ صاحب رکن اسمبلی برائے اطلاع و لازمی کارروائی ارسال خدمت ہے۔

"ہرگاہ کہ بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر اور پسنی میں حکومت سعودی عرب کی جانب سے متوقع آئل ریفائنری کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ سعودی حکومت سے متوقع آئل ریفائنری کا معاہدہ کرتے وقت اس میں بلوچستان کے مجموعی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان کو فنی معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ فنی تربیت، ماحولیات اور دیگر درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ نیز اس سلسلے میں حکومت بلوچستان اور اراکین پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائے"۔

(شمس الدین)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع وضروی کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

1۔ جناب انجینئر زمرک خان اچکزئی صاحب صوبائی وزیر اور جناب ثناء اللہ بلوچ صاحب رکن اسمبلی محرکین قرارداد۔
2۔ جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ آف پاکستان، پارلیمنٹ ہاوس اسلام آباد۔
3۔ جناب سیکرٹری قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاوس اسلام آباد۔
4۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان، ایوان صدر اسلام آباد۔
5۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان اسلام آباد۔
6۔ جناب وفاقی وزیر برائے آئیل اینڈ گیس حکومت پاکستان اسلام آباد۔
7۔ جناب وفاقی سیکرٹری برائے آئیل اینڈ گیس حکومت پاکستان اسلام آباد۔
8۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے گورنر بلوچستان کوئٹہ
9۔ جناب پرنسپل سیکرٹری، برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان کوئٹہ۔
10۔ جناب سیکرٹری محکمہ آئی پی سی حکومت بلوچستان کوئٹہ۔
11۔ جناب سیکرٹری صوبائی اسمبلی پنجاب، صوبائی اسمبلی سندھ، صوبائی اسمبلی خیبر پختون خواہ، قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر اور گلگت بلتستان بمقام لاہور ،کراچی، پشاور، مظفر آباد اور گلگت بلتستان۔
12۔ جناب سسٹم انالسٹ بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

(سید داد محمد آغا)
ڈپٹی سیکرٹری (قانون سازی)